NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

سیاہ فام افراد کی تاریخ کے مہینے پر ایک نظر

نیو یارک کے عزیز مکین،

پچھلے ہفتوں پر نظر ڈالتے ہوئے، مجھے اس سے زیادہ فخر نہیں ہو سکتا تھا کہ جس طرح ہم نے یہاں این وائی سی پبلک اسکولز میں سیاہ فام افراد کی تاریخ کے مہینے کی یاد منائی ہے۔

سب سے پہلے، ہم نے Tweed Courthouse پر واقع اپنے مرکزی دفتر میں سیاہ فام افراد کی تاریخ کا مہینہ انتہائی گہرے جذبات کے ساتھ منایا، جس میں Frederick Douglass Academy II ، Channel View School for Research، اور Transit Tech CTE ہائی اسکول کے طالب علم موسیقاروں اور مصنفین نے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اس کے بعد، اس ہفتے، ہم نے اپنے ہِڈن وائسز (مخفی آوازیں) سلسلے کی جدید ترین اشاعت کا آغاز کیا: سیاہ فام افریقیوں کی عالمی آبادی (ڈائسپورا) کی کہانی، جلد 1۔ پچھلے تین سالوں میں نمایاں عالموں اور برادری کے شراکت داروں کی انتہائی محنت کے ساتھ، اس سلسلے (سیریز) میں تبدیلی لانے والے افریقی نژاد افراد اور بہت سے بھلا دیے جانے والے روایتی تاریخی بیانیوں کو اجاگر کیا گیا ہے تاکہ ریاست ہائے متحدہ اور دنیا پر ان کے پڑنے والے گہرے اثرات کو نمایاں کیا جائے۔

اور آخر میں، مجھے اپنے اتحاد برائے تعلیمی مساوات عملی منصوبہ (EEAPC)، شراکت داروں کی حمایت کرتے ہوئے بہت خوشی ہوئی، جنھوں نے حال ہی میں اعلان کیا ہے کہ وہ سیاہ فام تعلیمی نصاب پائلٹ (پروجیکٹ) کے دوسرے مرحلے کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ جیسے یہ نصاب شکل اختیار کرتا جائے گا ہمیں EEAPC کے ساتھ مل کر کام کرنے پر فخر ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے تمام طلبا اپنی تاریخوں اور پس منظروں کی عکاسی اپنے کلاس روم میں کرنے کا حق رکھتے ہیں، ایک ایسا یقین جس کا مجھ پر بچپن سے گہرا اثر تھا۔ جب میں الیمنٹری اسکول میں تھا، ایک انتہائی بہترین استانی جن کا نام Ms. Mildred Scott تھا انہوں نے مجھے افریقہ اور افریقی امریکیوں کی شاندار تاریخ کے بارے میں تعلیم دی۔ انہوں نے میرے اندر اپنے ورثے کے بارے میں ایک انتہائی گہرا احساس پیدا کیا—اور یہاں تک کہ اس ہڈن وائسز تقریب میں، میں نے افریقہ کے بارے میں ایک نظم پڑھی جو میں نے ان کی کلاس میں لکھی تھی!

ہڈن وائسز اور اس سیاہ فام تعلیمی نصاب کے ذریعے، ہمارے شہر بھر کے طلبا کو بھی ایسے کلاس روم مواد تک رسائی حاصل ہو جائے گی جو انہیں تحریک دیں گے اور بااختیار بنائیں گے۔ اور یہ (تحریک) نیویارک سے آگے تک جائے گی۔ ہڈن وائسز تمام **ملک** میں اساتذہ، اہل خانہ اور اضلاع کو دستیاب ہے۔ کوئی بھی یہ وسائل بلا معاوضہ weteachnyc.org سے ڈاون لوڈ کر سکتا ہے۔

سیاہ فام افراد کی تاریخ کے مہینہ اب ختم ہونے کو ہے، لیکن اس کے ادراک کا ابھی آغاز ہوا ہے۔ ہمارا عملہ اور اہل خانہ، آپ نے اس تاریخ کی یاد منا کر ہمارے اجتمائی مستقبل کے خد و خال بنانے کے لیے جو کچھ کیا ہے اس کے لیے آپ کا بے حد شکریہ۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube page پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔